سوال

(529) نمازِ فجر پڑھ کر سورج نکلنے سے پہلے سونا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سونے کے بارے میں ہماری نظر میں جو احادیث گزری ہیں ان کی سندیں ٹھیک نہیں ہیں یا پھر اقوال ہیں آپ صحیح حدیث سے وضاحت فرمائیں کہ واقعی سونا منع ہے اور پھر اپنا خیال یعنی اپنا عمل بھی ارشاد فرمائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صبح کی نماز کے بعد سونے کی ممانعت کے بارے میں کوئی صحیح روایت نہیں لہذا سونا جائز ہے آج کل میرا معمول صبح کی نماز کے بعد پارک کی سیر وسیاحت یا مطالعہ کرنا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص817

محدث فتویٰ